قارئین بنام مدیر

# افکار و تاثرات

- کشمیر میں بھارتی مظالم / قاری تنویر احمد شریفی ۔
- سلمان رشدی برطانیہ کا ایجنٹ ہے / محمد اسلم رانا
- الحق کی سبقت و صداقت پر ہدیہ تبریک / حافظ امیر احمد کراچی
- قارئین کے تاثرات / مزمل حسین پروفیسر محبوب الرحمٰن ۔ مولانا بشیر احمد
- وفیات / مولانا محمد یعقوب عابد ۔ حافظ منظور الٰہی صدیقی

## کشمیر میں بھارتی مظالم

مکرمی! کشمیری مظالم کے حوالے سے چند خصوصی خبریں برائے اشاعت ارسال خدمت ہیں ۔

- نئی دہلی پی پی اے کے حوالے سے خبر چھپی ہے کہ مقبوضہ کشمیر سے اغواء کی گئیں پانچ نوجوان مسلمان طالبات کو آندھرا پردیش کے قصبہ سے برآمد کر لیا گیا ہے تاہم پولیس اپنا سارا زور اس حقیقت کو تبدیل کرنے میں صرف کر رہی ہے کہ مغوی لڑکیاں کشمیری طالبات نہیں ہیں تفتیش کے دوران ملزمان نے بتایا کہ مذکورہ پانچوں کشمیری لڑکیاں ان کے تین دوستوں نے انہیں فروخت کی ہیں جو فوجی اہلکار ہیں اور گزشتہ دنوں مقبوضہ کشمیر میں تعینات تھے ذرائع نے بتایا کہ لڑکیوں کے جسموں پر تشدد کے واضح نشانات موجود ہیں اور ان میں سے دو لڑکیاں صدمہ کی وجہ سے دماغی توازن کھو بیٹھی ہیں ۔
- کشمیر نیوز نے بین الاقوامی میڈیا اور براہ راست ملنے والی اطلاعات سے بھارتی مظالم کے اعداد و شمار دیتے ہوئے بتایا ہے کہ جنوری فروری ۱۹۹۲ء کے دوران گھر گھر تلاشی کی کاروائیوں میں بھارتی افواج نے ۳۰۰ کشمیری خواتین کو اجتماعی عصمت دری کا شکار بنایا جولائی ۱۹۸۹ء سے فروری ۱۹۹۲ء تک بھارتی افواج نے کشمیر میں جو مظالم ڈھائے ہیں ان کی تفصیل اس طرح ہے ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| شہید کیے گئے کشمیریوں کی تعداد | ۲۵۵۲۴ ۔ | زخمی ہونے والے کشمیریوں کی تعداد | ۶۹۸۲۹ |
| اجتماعی عصمت دری کا شکار خواتین | ۲۱۰۷ ۔ | گرفتار کشمیریوں کی تعداد | ۷۱۴۲۷ |
| مکانات اور جلائی جانے والی دکانوں کی تعداد | ۱۸۱۲۵ ۔ | | |

(قاری تنویر احمد شریفی کراچی)